# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 04 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۴؍جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیراعظم نریندر مودی گھانا کے اعلیٰ ترین شہری ایوارڈ سے سرفراز۔

☆ بارٹی، سارتھی، مہاجیوتی اور آرٹی اداروں میں طلبہ کو ملے گا میرٹ کی بنیاد پر داخلہ۔ روزگار پر مبنی کورسیز کو حکومت کی ترجیح۔

☆ آئندہ 90 دنوں کے اندر ریاست کے تمام مالز میں فائر سیفٹی سروے کرنے کا وزیرِ صنعت اُدئے سامنت کا اعلان۔

☆ مراٹھواڑہ میں اب تک خریف ہنگام کی 77 فیصد بوائی؛ زرعی کاموں میں تیزی۔

☆ آشاڑھی واری پر نکلی ہوئی سنتوں کی پالکھیاں پنڈھرپور تعلقے میں داخل۔

اور۔۔۔☆ برمنگھم کرکٹ ٹیسٹ کے دوسرے دن بھارت کا مؤقف مستحکم، کپتان شبھمن گل نے لگایا دوہرا سینکڑہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعظم نریندر مودی کو گھانا کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز ''کمپینین آف دی آرڈر آف دی اسٹار آف گھانا'' سے نوازا گیا ہے۔ گھانا کے صدر جان ڈرامانی مہاما' نے کل وزیراعظم کو یہ ایوارڈ پیش کیا۔ ایوارڈ قبول کرنے کے بعد وزیراعظم نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

وزیراعظم نریندر مودی ترینیداد اور ٹوبیگو کے دورے پر ہیں۔

***** ***** *****

بارٹی، سارتھی، مہاجیوتی اور آرٹی جیسے اداروں میں اب طلبہ کو میرٹ کی بنیاد پر مختلف کورسیز میں داخلہ دیا جائے گا اور طلبہ کی تعداد، عام اسکالرشپس، غیر ملکی اسکالرشپس اور داخلے کے عمل کے حوالے سے ایک مشترکہ پالیسی نافذ کی جائے گی۔ کل قانون ساز کونسل میں نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ جانکاری دی۔ نائب وزیرِ اعلیٰ نے طلباء کو روزگار پر مبنی کورسیز میں داخلہ دیئے جانے کی وضاحت بھی کی۔

***** ***** *****

ریاستی وزیرِ صنعت اُدئے سامنت نے اعلان کیا ہے کہ آئندہ 90 دنوں کے اندر ریاست کے تمام مالز میں آتش فرو انتظامات سے متعلق سروے کرایا جائے گا۔ وہ قانون ساز کونسل میں رکنِ کونسل کرپال تُمانے کی جانب سے ممبئی کے مختلف مالز میں آتشزدگی کے واقعات میں جانی اور مالی نقصان اور اس کے پیشِ نظر کارروائی سے متعلق پوچھے گئے اس سوال کا جواب دے رہے تھے۔ سامنت نے قواعد اور ضوابط پر عمل درآمد نہ کرنے والے مالز کے پانی اور بجلی کے کنکشن منقطع کردینے کا انتباہ بھی دیا۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس میں کل بھی مختلف اُمور پر بحث کی گئی اور کئی فیصلے لیے گئے۔

وزیرِ تعلیم دادا بھوسے نے قانون ساز کونسل میں جانکاری دی کہ اسکول نہ جانے والے طلباء کو مرکزی تعلیمی دھارے میں لانے کیلئے ریاست میں 15 جولائی تک ایک خصوصی مہم چلائی جارہی ہے۔ انھوں نے ایوان کو بتایا کہ ہر طالب علم کے تعلیمی سفر کو آدھار لنکنگ اور اپار آئی ڈی کے ذریعے ٹریک کیا جائے گا۔ بھوسے نے کہا کہ فی الحال ریاست میں 86 فیصد طلباء کی معلومات اکٹھی کی جاچکی ہیں اور 95 فیصد آدھار لنکنگ مکمل ہوچکی ہے۔ بھوسے نے کہا کہ اب تک ریاست بھر کے اسکولوں میں نو ہزار اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کے تقررات کیے گئے ہیں اور مزید 10 ہزار اساتذہ کی بھرتی کا عمل جاری ہے۔

****

اسی طرح توانائی کی وزیرِ مملکت میگھنا ساکورے بورڈ یکر نے ایوان میں بتایا کہ ریاستی حکومت زرعی پمپس کو دن کے اوقات میں بجلی فراہم کرنے کے مقصد سے شمسی توانائی پر مبنی زرعی پمپ فراہم کرنے کو ترجیح دے رہی ہے۔ تاہم، اگر جغرافیائی حالات کی وجہ سے شمسی پمپس کی فراہمی ممکن نہ ہو تو حکومت اس جگہ پر روایتی زرعی پمپ فراہم کرنے پر غور کرے گی۔ وہ کل اسمبلی میں سدھیر منگنٹیوار کے ایک سوال کا جواب دے رہی تھیں۔ بورڈ یکر نے بتایا کہ کسانوں کے زرعی پمپوں کو بجلی کا کنکشن فراہم کرنے کیلئے جلد ہی ایک اجلاس لیا جائے گا اور اس سلسلے میں مثبت فیصلہ لیا جائے گا۔

****

وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے نے قانون ساز کونسل کو جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ ریت کی حمل و نقل کیلئے 24 گھنٹے اجازت دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور اس کیلئے جی پی ایس نظام اور سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے۔ یہ لائسنس مہا کھنیج پورٹل کی معرفت جاری کرنے کی اطلاع بھی باونکولے نے دی۔ وزیرِ محصول نے کہا کہ گھر کل کیلئے پانچ براس ریت کی رائلٹی گھروں تک پہنچائی جاتی ہے، تاہم اس ریت کی حمل و نقل کا خرچ مکان تعمیر کرنے والے کو برداشت کرنا پڑتا ہے، لہٰذا اس حمل و نقل کا خرچ کون برداشت کرے گا، اس سے متعلق اجلاس میں جلد ہی فیصلہ لینے کا تیقن بھی انھوں نے دیا۔

****

صحتِ عامہ کی وزیرِ مملکت میگھنا بورڈ یکر نے ریاست میں شادی سے پہلے تھیلیسیمیا کے مرض کے ٹیسٹ کو لازمی کرنے کی جانکاری ایوان کو دی۔

****

وزیرِ صنعت اُدئے سامنت نے قانون ساز کونسل کو مطلع کیا کہ ریاست میں کچرے کی نکاسی سے متعلق تمام سطحوں پر مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے جلد ہی ایک جامع پالیسی نافذ کی جائے گی۔ رکن اسمبلی پرگیا ساتو نے اس سے متعلق سوال کیا تھا۔ سامنت نے بتایا کہ ریاستی حکومت ڈمپنگ گراؤنڈ کے بجائے کچرے سے بجلی پیدا کرنے کا پروجیکٹ قائم کرنے پر غور کر رہی ہے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

پاور گرڈ کارپوریشن آف انڈیا نے تقریباً 12 سال قبل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے آڑ گاؤں علاقے میں بجلی کی لائن بچھائی تھی، لیکن کمپنی کی جانب سے اب تک متاثرہ کسانوں کو اس کا معاوضہ ادا نہیں کیا گیا ہے۔ قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے کل توجہ دلاؤ تحریک کے دوران یہ معاملہ اٹھایا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں اس سال خریف ہنگام میں اب تک تقریباً 77 فیصد ہیکٹر رقبے پر فصلوں کی بوائی ہو چکی ہے۔ یہ اطلاع محکمہ زراعت کی رپورٹ میں دی گئی ہے۔ سب سے زیادہ 88 فیصد بوائی لاتور ضلعے میں اور سب سے کم 64 فیصد بوائی ہنگولی ضلعے میں ہوئی ہے۔ چھتر پتی سمبھاجی نگر ضلعے میں 87 اعشاریہ 35 فیصد، جالنہ میں تقریباً 70 فیصد، بیڑ ضلعے میں 68، پربھنی میں 71 اعشاریہ 35 فیصد، ناندیڑ میں 81 فیصد اور دھاراشیو ضلعے میں 83 اعشاریہ 55 فیصد رقبے پر خریف کی بوائی ہوئی ہے۔ جبکہ محکمہ موسمیات نے مراٹھواڑہ میں اب تک اوسط بارش 121 فیصد ریکارڈ کیے جانے کی رپورٹ دی ہے۔

***** ***** *****

برمنگھم میں جاری اینڈرسن۔ ٹینڈولکر ٹیسٹ سیریز کے دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن کل کھیل روکے جانے تک انگلینڈ نے اپنی پہلی اننگ میں تین وکٹوں پر 77 رنز بنائے تھے۔ بھارت کی جانب سے آکاش دیپ نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ بھارتی ٹیم نے پہلی اننگز میں 587 رنز اسکور کیے ہے۔ جس میں کپتان شبھمن گل نے 269 رنز کی شاندار اننگ کھیلی جبکہ رویندر جڈیجہ نے 89 اور واشنگٹن سندر نے 42 رنز بنا کر ان کا بہترین ساتھ دیا۔

***** ***** *****

آشاڑھی واری کیلئے نکلی ہوئی سنتوں کی پالکیاں کل پنڈھر پور تعلقے میں داخل ہوئیں۔ تعلقہ انتظامیہ کی جانب سے تحصیلدار سچن لنگوٹے نے تمام پالکیوں کا استقبال کیا۔ سنت گیانیشور مہاراج کی پالکی کل شولاپور ضلعے میں ٹھاکر بواسمادھی میں گول دائرہ سے گزری۔ جس کے بعد سوپان کاکا کی پالکی اور ماؤلی کی پالکی کا ملاپ ہوا۔ دونوں پالکیوں کے ذمہ داران نے ایک دوسرے کو ناریل دیکر عزت افزائی کی۔

سنت تکارام مہاراج کی پالکی کل بورگاؤں سے اپنی منزل ٹونڈلے بونڈلے پہنچی۔ اس موقعے پر پالکی میں شامل تمام وارکریوں نے روایت کے مطابق پنڈھر پور کی جانب دوڑ لگائی۔ آج یہ پالکی پیراپچی کرولی سے اپنی منزل کی جانب گامزن ہوگی۔

جبکہ سنت ایکناتھ مہاراج کی پالکی آج کرکمب سے روانہ ہوگی اور رہوڑے پر مقام کرنے کے بعد کل دوپہر شیراڈھون میں رنگن تقریب منعقد ہوگی، جس کے بعد یہ پالکی شام کے قریب پنڈھر پور پہنچے گی۔

**

چھتر پتی سمبھاجی نگر کے قریب واقع پنڈھر پور میں آشاڑھی ایکادشی کے موقع پر عقیدت مندوں کی متوقع بھیڑ کے پیشِ نظر اس راستے پر ٹریفک کی آمد و رفت سنیچر کی رات سے عارضی طور پر بند کر دی جائے گی، محکمہ پولس کی ٹریفک برانچ نے گاڑی مالکان سے اس دوران متبادل راستے استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں بارٹی کے کانٹریکٹ پر برسرِ کار خاتون ضلع پروجیکٹ آفیسر سجاتا مدھوکر پوہرے کو انسدادِ رشوت ستانی دستے نے کل پندرہ ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا۔ پوہرے نے شکایت کنندہ کیلئے ذات سرٹیفکیٹ کی تصدیق کرنے کے عوض 30 ہزار روپے کی رشوت طلب کی تھی۔ اس کارروائی کے بعد پوہرے کی تحویل سے ایک موبائل فون سمیت پچاس ہزار روپے نقد برآمد ہوئے۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ محکمہ انسدادِ رشوت ستانی دستے نے ہڈکو میں واقع ان کے گھر کی تلاشی بھی لی ہے۔

***** ***** *****

ضلع کلکٹر وویک جانسن نے کل بیڑ میں وزیر اعظم کے تپِ دِق سے پاک بھارت مہم کے تحت ایک اجلاس لیا۔ ضلعے میں تپ دق کے کُل ایک ہزار 239 مریض زیرِ علاج ہیں۔ ان میں سے 350 مریضوں میں نکشے متر کی معرفت تپِ دِق سے صحت یابی کیلئے صحت بخش اشیاء کی کٹس تقسیم کی گئیں۔

***** ***** *****

اہلیانگر ضلعے کے بھنڈاردرا آبی پشتے سے کل سے تقریباً 1800 کیوبک فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پروراندی میں پانی چھوڑا جارہا ہے۔ پانی کے اخراج میں مزید اضافے کے امکان کے پیشِ نظر ندی کے کنارے واقع تمام دیہاتوں اور بستیوں کو خبرداری برتنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔

دریں اثنا، محکمۂ موسمیات نے ناسک اور جلگاؤں اضلاع اور مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھا جی نگر سمیت چند دیگر اضلاع میں کل 5 جولائی سے بارش کا یلو الرٹ جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی گھانا کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے سرفراز۔

☆ بارٹی، سارتھی، مہاجیوتی اور آرٹی اداروں میں طلبہ کو ملے گا میرٹ کی بنیاد پر داخلہ۔ روزگار پر مبنی کورسیز حکومت کی ترجیح۔

☆ آئندہ 90 دنوں کے اندر ریاست کے تمام مالز کا فائر سیفٹی سروے کرنے کا وزیرِ صنعت اُدئے سامنت کا اعلان۔

☆ مراٹھواڑہ میں اب تک خریف ہنگام کی 77 فیصد بوائی؛ زرعی کاموں میں تیزی۔

☆ آشاڑھی واری پر نکلی ہوئی سنتوں کی پالکھیاں پنڈھر پور تعلقے میں داخل۔

اور۔۔۔☆ برمنگھم کرکٹ ٹیسٹ کے دوسرے دن بھارت کا مؤقف مستحکم، کپتان شبھمن گل نے لگایا دوہرا سینکڑہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****